ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کامن ویلتھ گیمز 2022 میں رسائی پر پی سی بی کا اظہار مسرت

لاہور، 26 اپریل 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے کامن ویلتھ گیمز 2022 میں براہ راست رسائی حاصل کرنے پر قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ 28 جولائی سے 8 اگست تک برمنگھم میں شیڈول ایونٹ میں 8 ممالک کی ٹیمیں ٹی ٹونٹی فارمیٹ میں مدمقابل آئیں گی۔

یہ پہلا موقع ہے کہ جب خواتین کرکٹ بھی کامن ویلتھ گیمز کا حصہ بن رہی ہے ۔ایونٹ میں سات ممالک کی خواتین کرکٹ ٹیموں نے براہ راست رسائی حاصل کی ہے، جس میں سے ایک پاکستان کی ٹیم بھی ہے۔ دیگر چھ ٹیموں میں میزبان انگلینڈ کے علاوہ آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، بھارت، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز شامل ہیں۔

چونکہ کیریبین سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹس کامن ویلتھ گیمز میں ویسٹ انڈیز کی بجائے اپنے اپنے ممالک سے شرکت کرتے ہیں، لہٰذا ان کے مخصوص کوالیفائنگ راؤنڈ کی فاتح ٹیم کو ایونٹ میں شرکت کا موقع ملے گا۔

ایونٹ میں شریک آٹھویں ٹیم کا فیصلہ کامن ویلتھ گیمز کوالیفائر سے ہوگا۔ قومی خواتین کرکٹ ٹیم اس سے قبل 2 مرتبہ ایشین گیمز کی فاتح رہ چکی ہے۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ کامن ویلتھ گیمز میں شرکت سے قومی خواتین کرکٹرز کو دنیا بھر کے

سامنے بہترین ٹیموں کے خلاف کھیلنے کا موقع ملے گا، اس سے نہ صرف دنیا بھر میں ہماری ٹیم کی شناخت بنے گی بلکہ اس سے پاکستان میں بسنے والی مزید خواتین بھی کرکٹ کی طرف راغب ہوں گی۔

وسیم خان کا کہنا ہے کہ کامن ویلتھ گیمز کے دوران اسپورٹس ویلج میں قیام سے قومی خواتین کرکٹرز کو دیگر کھیلوں کے نامور ایتھلیٹس سے ملنے اور سیکھنے کا موقع ملے گا۔

انہوں نے مزید کہا کہ پی سی بی اب اپنی ویمنز کرکٹ کی منیجمنٹ کے ساتھ مل کر اس ایونٹ کی تیاری کے لیے ایک جامع حکمت عملی تیار کرے گا۔

وسیم خان نے کہا کہ وہ اس موقع پر انٹرنیشنل کرکٹ کونسل اور آئی سی سی ویمنز کمیٹی کو بھی مبارکباد پیش کرنا چاہتے ہیں کہ جن کی انتھک محنت کی بدولت ویمنز کرکٹ کو کامن ویلتھ گیمز میں شامل کیا گیا ہے، ہم اس موقع پر کامن ویلتھ گیمز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے بھی شکرگزار ہیں۔

ندا ڈار، آلراؤنڈر قومی خواتین کرکٹ ٹیم:

آلراؤنڈر قومی خواتین کرکٹ ٹیم ندا ڈار کا کہنا ہے کہ کامن ویلتھ گیمز میں اپنے ملک کی نمائندگی کا موقع ملنا اعزاز ہوگا، لہٰذا وہ اس موقع پر بہت خوش ہیں، وہ اس پلیٹ فارم کے ذریعے دنیا بھر کو اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھانے کی کوشش کریں گی۔

انہوں نے کہا کہ وہ برمنگھم میں شیڈول اس ایونٹ میں شرکت کی شدت سے منتظر ہیں، وہ وہاں عمدہ کھیل پیش کرنے کے ساتھ مایہ ناز کرکٹرز اور دیگر کھیلوں سے تعلق رکھنے والے نامور ایتھلیٹس سے ملنے کی بھی خواہشمند ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.